| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا تعارف

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنا مختصر تعارف کروا سکیں۔ مثلاً اپنا نام، عمر، پسندیدہ کھیل اور کھانے بتا سکیں اور یہ بھی کہ بڑے ہو کر وہ کیا بننا چاہتے ہیں؟

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

طلبہ کو مضمون کا تعارف کروائیں انھیں بتائیں کہ جو کتاب وہ پڑھنے جارہے ہیں اس کا نام واقفیتِ عامہ ہے۔ طلبہ کو واقفیتِ عامہ کی کتاب دکھائیں۔ تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں ''میرا تعارف''۔ طلبہ کو بتائیں جب ہم اپنا تعارف کرواتے ہیں تو سب سے پہلے اپنا نام اور پھر اپنی پسندیدہ چیزوں کے بارے میں بتاتے ہیں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- جماعت میں موجود تمام بچّوں کو باری باری جماعت کے سامنے آکر تعارف کروانے کو کہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اپنا تعارف اس طرح کروائیں۔

ا۔ میرا نام ____________ ہے۔

۲۔ میں ____________ سال کا/کی ہوں۔

۳۔ میں ____________ کلاس میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔

۴۔ مجھے کھانے میں ____________ پسند ہے۔

۵۔ میں ____________ میں رہتا/رہتی ہوں۔

- تمام طلبہ کو جماعت کے سامنے اپنا تعارف کروانے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## اعادہ: 2 منٹ

طلبہ کو اپنا تعارف کروانا سکھائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ کو اپنا تعارف کروانے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

اساتذہ کرام طلبہ سے انفرادی طور پر ان کے بارے میں گفتگو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: میرا تعارف** |

## اپنے بارے میں لکھیں۔

۱۔ میرا نام ______________ ہے۔

۲۔ میں ______________ سال کا/کی ہے۔

۳۔ میں ______________ جماعت میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔

۴۔ میں ______________ میں رہتا/رہتی ہوں۔

**اپنی تصویر یہاں چسپاں کریں۔**

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 1 دوسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا تعارف

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنا مختصر تعارف کروا سکیں۔ مثلاً اپنا نام، عمر، پسندیدہ کھیل اور کھانے بتا سکیں اور یہ بھی کہ بڑے ہو کر وہ کیا بننا چاہتے ہیں؟
- اپنی اچّھی عادات کی نشان دہی کر سکیں۔ (سچ بولنا، بڑوں کی عزّت کرنا اور اُن کا کہا ماننا، صبح جلدی جاگنا وغیرہ)۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں جب ہم اپنا تعارف کرواتے ہیں تو اپنے روزمرہ معمولات، پسند اور ناپسند کے بارے میں بھی بتاتے ہیں۔ انھیں بتائیں آج ہم کتاب کا پہلا سبق ''میرا تعارف'' پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھولنے کی ہدایت دیں اور سبق کا نام پڑھائیں۔ جہاں انھیں پڑھائی میں مشکل محسوس ہو رہی ہے ان کی راہ نمائی کریں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو صفحہ پر بنی تصویر دکھائیں کہ یہ اسد ہے وہ اپنا تعارف کروا رہا ہے۔
- انھیں بتائیں کہ اسد اپنے صبح کے معمول کے بارے میں بتا رہا ہے کہ وہ صبح جلدی اٹھتا ہے۔ اپنے دادا جان کے ساتھ نماز پڑھتا ہے اور صبح کی سیر کرتا ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ بھی صبح جلدی اٹھتے ہیں؟ انھیں صبح کی سیر کے فائدے بتائیں کہ صبح کی سیر سے انسان چاق و چوبند رہتا ہے اور اس کی صحت بھی اچھی رہتی ہے۔
- طلبہ کو کہیں کہ پڑھائے گئے سبق کو ذہن میں رکھتے ہوئے وہ بھی اپنا تعارف کروائیں۔
- طلبہ اپنا تعارف کرواتے وقت اپنا نام، عمر اور صبح اٹھنے کے معمول کے بارے میں بھی بات کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| محنت | مح۔نت | کوشش |
| سَیر | سَیُر | گھومنا پھرنا |
| ماننا | مان۔نا | قبول کرنا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

سرگرمی نمبر (۳) کتاب پر حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔ درست کام کرنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

جماعت میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ ان کی پسند و ناپسند کے بارے میں گفتگو کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ___ | ہفتہ: 1 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: میرا تعارف

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنی اچّھی عادات کی نشان دہی کر سکیں۔ (سچ بولنا، بڑوں کی عزّت کرنا اُن کا کہا ماننا، صبح جلدی جاگنا وغیرہ)۔
- دوسروں کی اچّھی عادات کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے اُن سے اُن کی چند اچّھی خوبیوں کے بارے میں پوچھیں جیسے:

الف: کیا وہ نماز پڑھتے ہیں؟

ب: کیا وہ صبح جلدی اُٹھتے ہیں؟

ج: کیا وہ اپنے اساتذہ کی ہر بات مانتے ہیں؟

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھولنے کی ہدایت دیں۔ سبق کے دوسرے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اسد اپنی خوبیوں اور پسند کے بارے میں بتا رہا ہے کہ وہ:

⟸ ہمیشہ سچ بولتا ہے۔

⟸ بڑوں کی عزت کرتا ہے۔

⟸ کسی کو تنگ نہیں کرتا۔

⟸ نہ ہی کسی سے جھگڑا کرتا ہے۔

⟸ فٹ بال کھیلنا پسند کرتا ہے۔

- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ بھی اسد کی طرح ہمیشہ سچ بولتے اور بڑوں کی عزت کرتے ہیں؟

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عزّت | عز۔زت | آبرو۔ بڑائی |
| جھگڑنا | جَھ۔گڑ۔نا | ضد کرنا |
| البتّہ | اَل۔بَت۔تہ | مگر۔ لیکن |
| ہمیشہ | ہَ۔مے۔شہ | سَدا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سرگرمی (ا) کے سوالات (الف) اور (ج) طلبہ سے پوچھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ان کے جواب اپنی کاپی پر لکھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے دوست کی اچّھی عادات معلوم کریں اور اپنی اچّھی عادات کے بارے میں اُسے بتائیں۔

# ورک شیٹ(ہوم ورک)

| سبق: میرا تعارف | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام:_________ |
| --- | --- | --- |

سوال نمبر1:   درج ذیل اچّھی اور بُری عادات پر درست (✓) کا نشان لگائیں۔



اچّھی عادت/بُری عادت



اچّھی عادت/بُری عادت



اچّھی عادت/بُری عادت



اچّھی عادت/بُری عادت



اچّھی عادت/بُری عادت